ڈاکٹر شاہ محمد علوی آف قطر کا دورۂ پاکستان

قطر میں مرکزی جمعیت اہلحدیث کے روحِ رواں اور الھیئۃ الأثریہ الخیریہ قطر کے وکیل ڈاکٹر شاہ محمد علوی صاحب مورخہ 22 جولائی کو 15 روزہ دورہ پر پاکستان پہنچے۔ لاہور ایئر پورٹ پر ان کا استقبال حافظ احمد حقیق، مولانا حافظ محمد یونس آزاد اور دیگر جماعتی احباب نے کیا۔ معزز مہمان ایئر پورٹ سے سیدھے لاہور میں نئی تعمیر شدہ مساجد کا دورہ کیا۔ یاد رہے کہ یہ مساجد ان کی ذاتی دلچسپی کی بناء پر مؤسسہ الشیخ عید بن محمد آل ثانی الخیریہ قطر نے لاہور میں تعمیر کرائی ہیں۔ انھوں نے مساجد دیکھ کر بڑی خوشی و مسرت کا اظہار کیا کہ صرف ایک سال کی ریکارڈ مدت میں یہ مساجد پایۂ تکمیل کو پہنچیں۔ معزز مہمان مساجد کے محل وقوع کو دیکھ کر بڑے مطمئن ہوئے۔ انھوں نے مساجد کو خوبصورت تعمیر کرانے پر علامہ مدنی صاحب اور مولانا محمد یونس آزاد صاحب کا شکریہ ادا کیا کہ جن کی ذاتی توجہ و محنت سے یہ مساجد تعمیر اور آباد ہوئیں۔ اسی شام معزز مہمان جہلم پہنچ گئے۔ جہاں علامہ محمد مدنی صاحب اور دیگر اساتذہ اور طلبہ نے ان کا گرمجوشی سے استقبال کیا۔

مدینہ یونیورسٹی میں جامعہ کے ایک اور طالبعلم کا داخلہ

گزشتہ شمارہ میں مدینہ یونیورسٹی میں جامعہ علوم أثریہ کے چار طلبہ کے داخلہ کی خبر دی گئی تھی۔ اب معلوم ہوا ہے کہ جامعہ سے گزشتہ سال فارغ التحصیل ہونے والے ایک اور طالبعلم ظہور الدین بن عبدالرحیم کا داخلہ بھی ہو گیا ہے۔ وہ اپنے کاغذات کی تکمیل کیلئے جامعہ آئے تھے۔ جامعہ کے اساتذہ اور طلبہ نے انہیں داخلے پر مبارکباد پیش کی اور دعا کی کہ اللہ رب العزت ان کے علم و عمل میں اضافہ فرمائے اور ان سے دین کا بھرپور کام لے۔ آمین۔

اہلحدیث یوتھ فورس کے مرکزی قائدین کا دورۂ جہلم

مورخہ 27 جولائی بروز جمعۃ المبارک کو بعد از نماز عصر اہلحدیث یوتھ فورس پاکستان کے مرکزی قائدین جناب حافظ شاہد امین (صدر) اور حافظ عتیق اللہ عمر (سیکرٹری جنرل) ایک روزہ تنظیمی دورہ پر جہلم پہنچے۔ اہلحدیث یوتھ فورس ضلع جہلم کے عہدیداروں اور کارکنوں نے نئے پل پر گرمجوشی سے ان کا استقبال کیا۔ جہاں سے انہیں موٹر سائیکلوں کے جلوس میں جامعہ لایا گیا۔ یہ جلوس چھاؤنی چوک، جی ٹی ایس چوک، شاندار چوک، مین بازار، چوک اہلحدیث اور عیدگاہ روڈ سے ہوتا ہوا شام ساڑھے چھ بجے جامعہ پہنچا۔ جامعہ پہنچتے ہی نمازِ مغرب تک معزز مہمانوں کے ساتھ تعارفی میٹنگ ہوئی اور نمازِ مغرب کے بعد خصوصی تنظیمی امور پر اجلاس ہوا۔ نمازِ عشاء کے بعد چوک اہلحدیث میں مہمانوں کے اعزاز میں عشائیہ کا اہتمام کیا گیا تھا۔ مقامی تنظیم نے ان کے اس دورہ کو کامیاب بنانے کیلئے بڑی محنت اور جانفشانی سے کام کیا۔ یہ دورہ ہر لحاظ سے کامیاب رہا۔